رول نمبر: BWP-1-24	81- 62000	گروپ فرسٹ
اُردو لازمی (انشائیہ)	1st A. Exam. 2024	سیشن (2022-24) & (2023-25)
وقت: 2:10 گھنٹے	SSC (Part – I)	کل نمبر: 60

﴿ہدایات﴾ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کیجیے۔ ☆

حصہ اول

حصہ نظم

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) 10=2x5

(الف) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(ب) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے

(ج) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا
بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(د) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

حصہ غزل

(الف) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے؟

(ب) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(ج) آتشِ غم میں دل بھنا شاید
دیر سے بُو کباب کی سی ہے

حصہ دوم

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10=5+5

(الف) اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہ کر سکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہو گیا اور جھٹ پٹے سے آکر رسول اللہ (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی الہ و اصحابہ وسلم) کے آستانۂ مبارک کا محاصرہ کر لیا۔ اہلِ عرب زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے۔

(ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10=2x5

(i) سیرت النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کس کی تصنیف ہے؟
(ii) چھوٹے چودھری نے لاء کالج میں داخلے کے لیے رقم کہاں سے حاصل کی؟
(iii) کوّا کس کے قریب نہیں پھٹکتا؟
(iv) الگو کے والد کا اُستاد کے بارے میں کیا مقولہ تھا؟
(v) جب اُستاد ذوق نے سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی تو مرزا نے کیا کہا؟
(vi) "سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی" اس میں کونسا لفظ بطورِ ردیف استعمال ہوا ہے؟
(vii) جیبِ گل کس چیز سے خالی ہے؟
(viii) شاعر کس لیے دو گز زمین چاہتا ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)
(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) آرام و سکون

سوال نمبر 6 نصاب میں شامل نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

سوال نمبر 7 **ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ** کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ (10)

یا

مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔

سوال نمبر 8 **"سچ کی برکت"** کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کریں۔ (5)

یا

"دوکاندار اور خریدار" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) وہ دن بدن کمزور ہو رہا ہے۔
(ii) مجھے اس دوائی سے آرام ہے۔
(iii) ناہید یہ سن کر ہکی بکی رہ گئی۔
(iv) نوید چھت کے اوپر کھیل رہا ہے۔
(v) مرض بڑھتی گئی جوں جوں دوا کی۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) گُڑ سے جو مرے تو ۔۔۔۔ کیوں دوں۔
(ii) فقیر کی صورت ۔۔۔۔ ہے۔
(iii) غریب کی جورو سب کی ۔۔۔۔
(iv) طویلے کی بلا ۔۔۔۔ کے سر۔
(v) ڈوبتے کو ۔۔۔۔ کا سہارا۔

www.ilmkidunya.com